Ministry of Justice and Security

# مذہبی شادیوں کے بارے میں معلومات

شادی، طلاق اور ازدواجی قید



## یہ معلوماتی کتابچہ کس لئے ہے؟

یہ معلومات ان لوگوں کے لئے ہے جو مذہبی شادی یا طلاق چاہتے ہیں۔ کیا آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جو مذہبی شادی یا طلاق چاہتا ہو؟ پھر یہ کتابچہ آپ کے لئے بھی ہے۔

نیدرلینڈز میں، ہر ایک کو اپنی زندگی اس طرح گزارنے کا حق حاصل ہے جہاں اسے اپنی مناسب جگہ دکھائی دیتی ہے۔ ہر کوئی اپنے انتخاب اور سلامتی کی آزادی کا حقدار ہے۔ خواتین اور مردوں کے حقوق برابر ہیں۔ بعض اوقات ان حقوق کی خلاف ورزی کی جاتی ہے، مثلا ازدواجی قید کے ذریعے۔ ازدواجی قید کا مطلب ہے کہ دو ساتھی جو مذہبی طور پر شادی شدہ ہیں ان کی مذہبی طلاق نہیں ہو سکتی ہے۔ پھر کوئی ایک اپنی اس شادی میں پھنس کر رہ جاتا ہے اور آزاد نہیں ہو پاتا ہے۔ خواتین اس کا سب سے اہم شکار ہیں۔



**اس کتابچے میں آپ کو درج ذیل کے بارے میں معلومات ملیں گی:**

- ازدواجی قید کو کیسے پہچانا جائے
- اگر آپ یا آپ کے کسی قریبی فرد کو اس کا سامنا ہو تو کیا مدد دستیاب ہے۔

**آپ کو درج ذیل کے بارے میں بھی معلومات ملیں گی:**

- مذہبی اور عدالتی شادیاں
- آپ کے حقوق اور کیا ازروئے قانون قابل سزا ہے
- طلاق۔

# آپ ازدواجی قید کو کیسے شناخت کرتی ہیں؟



**کیا آپ اپنی یا اپنے قریبی کسی فرد کی زندگی میں مندرجہ ذیل میں سے ایک یا زیادہ امور کو شناخت کرتے ہیں؟**

- آپ طلاق چاہتی ہیں، لیکن آپ کا ساتھی تعاون کرنے سے انکار کرتا ہے۔
- آپ کو خوف ہے کہ (طلاق کے بعد) آپ کا سابقہ ساتھی یا آپ کے سابقہ ساتھی کا خاندان آپ کو اپنے بچوں سے ملنے کی اجازت نہیں دے گا۔
- آپ طلاق چاہتی/چاہتے ہیں کیونکہ آپ اور آپ کا ساتھی ہر وقت لڑتا رہتا ہے، لیکن آپ اپنی شادی میں پھنسے ہوئے محسوس کرتی/کرتے ہیں۔
- آپ ایک نیا رشتہ شروع نہیں کر سکتی ہیں کیونکہ آپ کے آس پاس کے افراد اسے منظور نہیں کریں گے۔
- آپ کے معاشرے / آبائی ملک میں، لوگ آپ کو بے وفا ساتھی کے طور پر دیکھتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں، آپ اب مزید اپنے خاندان سے ملنے نہیں جا سکتی ہیں۔
- آپ اپنے (سابقہ)ساتھی کی رضامندی کے بغیر اپنے خود کے سفری دستاویز (شناختی کارڈ، پاسپورٹ) کے لئے درخواست نہیں دے سکتی ہیں۔
- آپ آزادانہ طور پر کہیں آ جا نہیں سکتی/سکتے ہیں یا آپ گھر تک ہی محدود ہیں۔
- آپ بہت زیادہ دباؤ، خطرہ محسوس کرتی/کرتے ہیں یا آپ بہت زیادہ ڈری ہوئی/خوفزدہ ہیں۔
- آپ کے گھر والے (سسرال) آپ کے کاموں کو کنٹرول کرتے ہیں: وہ آپ کو اسکول یا کام سے لے کر جاتے ہیں جبکہ آپ نہیں چاہتی کہ وہ ایسا کریں۔
- آپ کو ڈرایا دھمکایا گیا ہے اور/یا تشدد کا شکار ہیں۔
- آپ کو اپنے رہائش کے حق کے بارے میں کوئی معلومات نہیں ہیں۔

اگر آپ اپنی زندگی میں مندرجہ بالا حالات میں سے کسی ایک یا زیادہ کو تسلیم کرتی ہیں، تو یہ ازدواجی قید کا معاملہ ہو سکتا ہے۔ ایسے لوگ ہیں جو آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ آپ اگلے صفحے پر اس کے بارے میں مزید پڑھ سکتے ہیں۔

# نیدرلینڈز میں مدد اور مشورہ



**فوری خطرہ**

اگر فوری خطرہ اور/یا تشدد کا سامنا ہو تو ہمیشہ 112 پر کال کریں۔ آپ 24/7 کال کر سکتے ہیں اور یہ مفت ہے۔

**معلومات، مشورہ اور معاونت**

**ویلیگ تھوئس (Veilig Thuis)**

یہ گھریلو تشدد، بچوں سے بدسلوکی اور ازدواجی قید کے بارے میں بہت کچھ جانتے ہیں۔ آپ اپنے یا کسی اور کے لئے سوال پوچھ سکتی ہیں، مشورہ اور/یا معاونت حاصل کر سکتی ہیں۔ آپ نیدرلینڈز کے اندر سے ہمیشہ (24/7) مفت کال کر سکتی ہیں۔

آپ گمنام طور پر بھی کال کر سکتی ہیں۔

0800-2000

**قانونی معاونت**

**ہیٹ جوریڈیش لوکیٹ (Het Juridisch Loket)**

www.juridischloket.nl/familie-en-relatie/

کیا آپ کے، مثال کے طور پر، طلاق، نان و نفقہ، بچوں یا رہائش کا اجازت نامہ کے بارے میں، کوئی سوالات ہیں؟

آپ ذاتی مشورے کے لئے کال کر سکتی ہیں:

0900 8020 (€ 0,10 فی منٹ)

آپ تشریف بھی لا سکتی ہیں یا ای میل بھیج سکتی ہیں (مفت):

www.juridischloket.nl/email-ons/

**تشدد کی صورت میں پناہ، معاونت اور علاج**

**فیئر (Fier)**

فیئر مشورہ دیتی اور اعانت، ایک محفوظ پناہ گاہ اور علاج کی پیشکش کرتی ہے۔

www.fier.nl

سب سے نیچے دائیں جانب "Chat hier met Fier" بٹن پر کلک کریں۔

088 20 80 000

**سٹرک ہوئس (Sterk Huis)**

سٹرک ہوئس مشورہ، مدد اور پناہ گاہ کی پیشکش کرتی ہے

www.sterkhuis.nl/contact

آپ۔ ان کے ساتھ آن لائن چیٹ کر سکتے ہیں۔

013 543 30 73

**پولیس**

فوری خطرہ اور تشدد کی صورت میں **112** پر کال کریں۔ وہ فوری طور پر پولیس کار یا ایمبولینس بھیج سکتے ہیں۔

کیا کوئی کم فوری خطرہ ہے؟

0900-8844 پر کال کریں

کیا آپ گمنام رہنا چاہتے ہیں؟

پھر 0800-7000 پر کال کریں۔

# بیرون ملک سے مدد اور مشورہ

**ڈچ سفارتخانہ** اس ملک کا جہاں آپ ہیں:

https://www.netherlandsworldwide.nl/urgent-assistance/forced-marriage-or-forced-to-stay-abroad

سفارت خانہ آپ کو درست مقامی (قانونی)
اعانت تلاش کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔

**24/7 رابطہ مرکز** بمقام
وزارت امور خارجہ۔
+ 31 247 247 247
واٹس ایپ پر: +31 6 8238 7796

اگر آپ بیرون ملک ہیں اور مدد کی ضرورت ہے، تو
آپ وزارت امور خارجہ
سے ہمیشہ رابطہ کر
سکتے ہیں۔

اپنے فون کا
کیمرا کھولیں
اور اس تصویر پر
اس کی نشاندہی کریں۔
ظاہر ہونے والے
لنک پر کلک کریں۔

**Landelijk Knooppunt Huwelijkdwang en Achterlating (LKHA)**
**(اردو: مرکز برائے ازالہ زبردستی شادی اور دست برداری)**
+31 70 345 4319
LKHA@veiligthuishaaglanden.nl

**ویلیگ تھوئس (Veilig Thuis)** سوالات، مشورہ اور مدد کیلئے:
+31 703 119 007

# مذہبی شادیوں اور ازدواجی قید سے متعلق معلومات

## ایک مذہبی شادی یا ایک عدالتی شادی؟

نیدرلینڈز میں، شادی کرنے کے دو طریقے ہیں: ایک عدالتی شادی اور دوسرا مذہبی شادی۔ اگر آپ مذہبی شادی کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو ہمیشہ پہلے قانون کے سامنے شادی کرنی ہوگی۔ عدالتی تقریبات ایک سرکاری ملازم اور کم از کم دو گواہان کے ساتھ منعقد ہوتی ہیں۔ اس کا ڈچ قانون تقاضا کرتا ہے۔

عدالتی شادی (مذہبی شادی سے پہلے) لازمی ہے کیونکہ یہ شادی شدہ ساتھیوں کو تحفظ دیتی ہے۔ یہ قانونی طور پر ان کے حقوق اور ذمہ داریوں کو تشکیل دیتی ہے۔ مثال کے طور پر، پیسوں اور دیگر سامان، جیسے خریدا گیا گھر، کے بارے میں۔ یا کسی بھی بچوں کے بارے میں۔ مکان اور دیگر املاک کا مالک کون ہے؟ بچوں کے بارے میں کون فیصلے کر سکتا ہے؟ عدالتی شادی، شادی شدہ ساتھیوں اور ان کے بچوں کو قانونی تحفظ دیتی ہے، چاہے اگر ساتھی بعد میں طلاق دینا/لینا چاہیں۔ اسی لئے مذہبی شادی سے پہلے عدالتی شادی کرنا ضروری ہے۔



# طلاق کی صورت میں خطرات



جب آپ کی شادی باقی نہیں رہتی ہے، لیکن (مذہبی) کمیونٹی اسے قبول نہیں کرتی، تو اس میں خطرات شامل ہو سکتے ہیں، خاص طور پر جب آپ کسی نئے تعلق میں داخل ہو جاتے ہیں۔ خاندانی اور/یا (مذہبی) کمیونٹی اسے دغا بازی اور زنا کاری کے طور پر دیکھ سکتی ہے اور اس سے (غیرت سے متعلق) تشدد واقع ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کی طلاق نیدرلینڈز میں ہوتی ہے اور آپ کے آبائی ملک میں اس طلاق کو قبول نہیں کیا جاتا ہے تو اس میں بھی خطرات شامل ہیں۔ آپ کو اپنے آبائی ملک میں زنا کاری کے سبب، ایذا رسائی یا (غیرت سے متعلقہ) تشدد کا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔

**کیا آپ اسے شناخت کرتی ہیں؟ تو پھر مدد طلب کریں۔**
ایسے لوگ ہیں جو آپ کی مدد اور معاونت کر سکتے ہیں۔
مزید معلومات کیلئے **’مدد اور مشورہ‘** دیکھیں۔



## کیا ازروئے قانون قابل سزا ہے؟

نیدرلینڈز میں، آپ کو ہمیشہ مذہبی رسم سے قبل عدالتی شادی لازمی کرنی ہوگی۔ اگر مذہبی شادی عدالتی شادی سے پہلے انجام دی جاتی ہے تو اس مذہبی رہنما (پادری، ربی یا امام) کو ازروئے قانون سزا دی جا سکتی ہے۔

اگر آپ کی شادی میں معاملات ٹھیک نہیں چل رہے، اگر آپ کو بہت زیادہ مسائل ہیں اور/ یا آپ اپنے ساتھی سے مزید شادی کے بندھن میں بندھنا نہیں چاہتی ہیں، تو آپ ڈچ قانون کے تحت طلاق لے سکتی ہیں۔ اگر مذہبی شادی میں ساتھی طلاق کرانے میں تعاون نہیں کرنا چاہتا ہے، تو اس فرد کو اس کی اپنی شادی کے شکنجے میں پھنسا دیا جاتا ہے۔



اسے ازدواجی قید کہا
جاتا ہے
اور نیدرلینڈز میں
ازروئے قانون
یہ قابل سزا ہے۔

**شادی سے متعلق دیگر معاملات جو ازروئے قانون قابل سزا ہیں:**
زبردستی شادی، قید و بند اور گھر کے اندر یا باہر کسی بھی طرح کا جسمانی، نفسیاتی یا جنسی تشدد۔

مزید معلومات اور اعانت کے لئے، برائے مہربانی ازدواجی قید سے متعلق ویب صفحہ پر جائیں:
www.rijksoverheid.nl/onderwerpen/huwelijkse-gevangenschap

## تعاون کے بغیر (مذہبی) طلاق



عدالتی شادی کو ڈچ قانون کے تحت منسوخ کیا جا سکتا ہے، لیکن مذہبی شادی کو ختم کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کی مذہبی اور/یا سماجی برادری طلاق کو قبول نہیں کرتی ہے۔ یا اگر مذہب طلاق کو تسلیم نہیں کرتا ہے، بلکہ تب بھی جب ساتھیوں میں سے کوئی ایک طلاق نہیں چاہتا ہے۔

تاہم، یہاں تک کہ اگر آپ کا ساتھی تعاون نہیں کرنا چاہتا ہے، آپ طلاق لے سکتی ہیں۔ کیا آپ طلاق کا عمل شروع کرنے کے لئے (خود سے) مدد طلب کرنے سے خوفزدہ ہیں؟ پھر اپنی کہانی کسی ایسے شخص کو سنائیں جس پر آپ اعتماد کرتی ہیں۔ اسے آپ کے ساتھ چلنے یا تنظیموں سے مشورہ طلب کرنے میں آپ کی مدد کرنے کا کہیں جو تنظیمیں آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔

ازدواجی ساتھی شادی کرنے سے پہلے، مثال کے طور پر کام، رہائش کی جگہ کے بارے میں، کے لئے اور ان کی مذہبی شادی کے ممکنہ خاتمے کے بارے میں بھی انتظامات کر سکتی ہیں۔ ان کا ہونا ضروری ہے

دیوانی قانون نوٹری یا وکیل کے ذریعے کیے گئے معاہدے۔ اگر ساتھیوں میں سے کوئی ایک بعد میں معاہدے کی تعمیل نہیں کرتا ہے، تو دوسرا ساتھی عدالت میں جا سکتا ہے۔

اگر آپ پہلے سے ہی مذہبی شادی میں ہیں لیکن آپ نے دیوانی قانون نوٹری میں کوئی معاہدے نہیں کیے ہیں، تو آپ تب بھی عدالت جا سکتی ہیں اور جج سے انکار کرنے والے ساتھی کو طلاق میں تعاون کرنے کا حکم دینے کا مطالبہ کر سکتی ہیں۔

سب سے بہتر ہے کہ آپ اپنے حالات پر کسی وکیل سے صلاح کریں۔ آپ "قانونی امداد" کے تحت مزید معلومات حاصل کر سکتی ہیں۔ ماہر کو آپ کو قانون کے تحت آپ کے اختیارات کے بارے میں اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کے تحفظ کو لاحق خطرات اور طلاق کے دیگر نتائج جیسے اخراجات کے بارے میں بتانے دیں۔ مزید معلومات 'مدد اور مشورہ' کے تحت دستیاب ہے۔

## مزید معلومات

ازدواجی قید اور دستیاب مدد کے بارے میں وضاحتی ویڈیوز دیکھیں اور مزید معلومات یہاں پر پڑھیں:

**www.rijksoverheid.nl/onderwerpen/huwelijkse-gevangenschap**

یہ معلوماتی کتابچہ نیشنل ورکنگ گروپ مودواناہ اور اٹریا کے تعاون سے روٹرڈم میونسپلٹی کی(H)echt Verbonden ٹراجیکٹری اور ماسٹرکٹ یونیورسٹی کی ازدواجی قید پر تحقیق کا ایک نتیجہ ہے۔ مختلف مذاہب کے نمائندوں، وکلاء، تجربہ کار ماہرین، سماجی کارکنوں اور محققین نے بھی تعلقات میں انتخاب کی آزادی کی لڑائی میں حصہ لیا۔

**یہ اس کی اشاعت ہے:**
وزارت انصاف اور سلامتی

**ڈاک کا پتہ:**
PO Box 20301
2500 EH The Hague

مارچ 2021